# News of the Sports

April 13 , 2018

ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
روزنامہ جہان پاکستان

## کامن ویلتھ گیمز: قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم آج لاہور پہنچے گی

### طلحہ طالب اور نوح دستگیر نے کھیلوں میں کانسی کے تمغے حاصل کئے ہیں

لاہور (سپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں کانسی کے دو تمغے حاصل کرنے کے بعد قومی ویٹ لیفٹنگ ٹیم (آج) جمعہ کو لاہور پہنچے گی، پاکستان ویٹ لیفٹنگ فیڈریشن کے ترجمان محمد راشد ملک نے بتایا کہ لاہور ائیر پورٹ پر فیڈریشن کے عہدیدار، سماجی کارکن اور شائقین کھیل کی کثیر تعداد کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کریں گے، انہوں نے کہا کہ قومی ویٹ لفٹرز طلحہ طالب نے 62 کلوگرام میں اور محمد نوح دستگیر بٹ نے 105 کلوگرام کے مقابلوں میں کانسی کے تمغے حاصل کئے تھے، سات رکنی قومی ویٹ لیفٹنگ ٹیم کے دستہ میں عبدالغفور (56 کلوگرام)، طلحہ طالب (62 کلوگرام)، ابوسفیان (69 کلوگرام) اور محمد نوح دستگیر بٹ (105 کلوگرام) کے علاوہ کوچز علی اسلم چوہدری اور محمد الیاس بٹ شامل تھے۔

=

روزنامہ ایکسپریس

13 April, 2018

## قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم آج لاہور پہنچے گی، شاندار استقبال کی تیاریاں

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں 2 برانز میڈل حاصل کرنے کے بعد قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم جمعے کو لاہور پہنچے گی۔ پاکستان ویٹ لفٹنگ فیڈریشن کے ترجمان راشد ملک کے مطابق علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور پر فیڈریشن کے عہدیدار، سماجی کارکن اور شائقین کھیل کی کثیر تعداد کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کریں گے۔ یاد رہے کہ کامن ویلتھ گیمز کے دوران قومی ویٹ لفٹرز طلحہ طالب نے 62 کلوگرام میں اور محمد نوح دستگیر بٹ نے 105 کلوگرام کے مقابلوں میں کانسی کے تمغے حاصل کیے تھے، 7 رکنی قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم کے دستے میں عبدالغفور (56 کلوگرام)، طلحہ طالب (62 کلوگرام)، ابوسفیان (69 کلوگرام) اور محمد نوح دستگیر بٹ (105 کلوگرام) کے علاوہ کوچز علی اسلم چوہدری اور محمد الیاس بٹ شامل ہیں۔

روزنامہ میٹرو واچ
راولپنڈی / اسلام آباد

# کامن ویلتھ گیمز: پاکستانی پہلوان محمد بلال نے کانسی کا تمغہ جیت لیا

## 57 کلوگرام فری اسٹائل مقابلوں میں محمد بلال نے انگلش کھلاڑی کو شکست دے دی

گولڈ کوسٹ (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا کے شہر گولڈ کوسٹ میں جاری کامن ویلتھ گیمز کے ان کھیلوں میں تمغوں کی تعداد تین ہو گئی ہے۔ اس سے قبل پاکستان کے دو ویٹ



لفٹرز، نوح دستگیر بٹ اور طلحہ طالب نے بھی اپنے مقابلوں میں کانسی کے تمغے حاصل کیے ہیں۔ پہلوان محمد بلال کی عمر 22 سال ہے اور ان کا تعلق پاکستان کے ضلع گوجرانوالہ سے ہے۔ انہیں سیمی فائنل میں بھارتی پہلوان راہل آورے نے شکست دی تھی۔ میں کشتی کے 57 کلوگرام فری اسٹائل مقابلوں میں پاکستان کے پہلوان محمد بلال نے انگلینڈ کے جارج رام کو شکست دے کر کانسی کا تمغہ جیت لیا۔ محمد بلال نے ایک کے مقابلے میں چھ پوائنٹس سے فتح حاصل کی۔ محمد بلال کے کانسی کے تمغے کے ساتھ پاکستان

# کامن ویلتھ گیمز: پاکستانی ریسلرز عبدالوہاب اور عمیر احمد آج ان ایکشن ہوں گے

گولڈ کوسٹ (سپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں ریسلنگ ایونٹ میں پاکستانی ریسلرز عبدالوہاب اور عمیر احمد (آج) جمعہ کو ایکشن میں دکھائی دیں گے۔ تفصیلات کے مطابق آسٹریلیا میں رواں میگا گیمز میں ریسلنگ ایونٹ میں شریک ریسلرز کے درمیان تمغوں کے حصول کیلئے جنگ شروع ہو چکی ہے۔ پاکستان کے محمد بلال نے 57 کلوگرام کیٹگری میں ملک کیلئے کانسی کا تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل کیا۔ پاکستان کے عبدالوہاب اور عمیر احمد آج جمعہ کو تمغوں کیلئے قسمت آزمائی کریں گے۔ عبدالوہاب کو فری سٹائل 65 اور عمیر احمد کو فری سٹائل 97 کلوگرام کیٹگری کے مقابلے میں حریف ریسلرز کا چیلنج درپیش ہو گا۔ کامن ویلتھ گیمز میں شرکت کے بعد قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم آج لاہور پہنچے گی۔ کامن ویلتھ گیمز میں کانسی کے دو تمغے حاصل کرنے کے بعد قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم (آج) جمعہ کو لاہور پہنچے گی۔ پاکستان ویٹ لفٹنگ فیڈریشن کے ترجمان محمد راشد ملک نے بتایا کہ لاہور ایئر پورٹ پر فیڈریشن کے عہدیدار، سابق کارکن اور شائقین کھیل کی کثیر تعداد کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کریں گے۔



آسٹریلیا۔۔۔۔۔کامن ویلتھ گیمز میں میڈل جیتنے والے بلال پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری خالد محمود اور دیگر آفیشلز کے ہمراہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# میاں ریاض حسین پیرزادہ کی قومی پہلوان محمد بلال بٹ کو فتح پر مبارکباد

## محمد بلال بٹ نے 57 کلوگرام کے مقابلوں میں انگلینڈ کے ریسلر کو شکست دیدی

## اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے سیکرٹری سید شرافت حسین بخاری کی بھی مبارکباد

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ میاں ریاض حسین پیرزادہ نے قومی پہلوان محمد بلال بٹ کو آسٹریلیا میں جاری کامن ویلتھ گیمز میں کانسی کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ محمد بلال بٹ نے 57 کلوگرام کے مقابلوں میں انگلینڈ کے ریسلر کو شکست دے کر کانسی کا تمغہ حاصل، اس سے قبل پاکستان کے ویٹ لفٹرز طلحہ طالب اور محمد نوح دستگیر بٹ نے بھی کانسی کے تمغے حاصل کئے تھے، اس کے علاوہ پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کی ویمن ونگ کی چیئر پرسن صباء شمیم جدون، پاکستان پاور لفٹنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد راشد ملک،، اس کے علاوہ پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کی ویمن ونگ کی چیئر پرسن صباء شمیم جدون، پاکستان پاور لفٹنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد راشد ملک، اسلام چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر نوید احمد ملک، سپورٹس کمیٹی چیئرمین ناصر محمود چوہدری، اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے سیکرٹری سید شرافت حسین بخاری، پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے سابق سیکرٹری اطلاعات رانا تنویر احمد اور قومی ریسلنگ ٹیم کے ہیڈ کوچ محمد انور نے بھی کھلاڑیوں کی کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ قومی پہلوان کامن ویلتھ گیمز میں مزید میڈلز حاصل کریں گے۔

Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات

# قومی ریسلر بلال بٹ نے پاکستان کو تیسرا برانز میڈل دلوا دیا

## 57 کلوگرام کیٹگری مقابلے میں انگلش کھلاڑی جارج ریم کو مات دی، اسد بھارت کے سوشیل کمار سے یکطرفہ مقابلے میں ہار گئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں ریسلر بلال بٹ نے پاکستان کو تیسرا برانز میڈل دلوا دیا۔ انہوں نے 57 کلوگرام کیٹگری میں انگلش ریسلر کو 61 سے مات دی۔ گولڈ کوسٹ میں جاری کامن ویلتھ گیمز میں ریسلنگ ایونٹ کا آغاز ہوگیا، پاکستان کے محمد بلال بٹ نے 57 کلوگرام اور محمد اسد بٹ نے 74 کلوگرام کیٹگری کے مقابلوں میں شرکت کی، بلال اور اسد نے اپنے ابتدائی مقابلوں میں فتح کے بعد دوسرے راؤنڈ میں جگہ بنائی جہاں پر اسد بھارت کھلاڑی سوشیل کمار سے یکطرفہ مقابلے میں ہار گئے، محمد بلال نے سری لنکا کے چارلس فرینڈ و کو 212 سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنائی جہاں ان کا سامنا بھارت کے راہول آویر سے ہوا۔ بلال نے بھرپور مقابلہ کیا تاہم حریف ریسلر نے مقابلہ 128 سے اپنے نام کرتے ہوئے فائنل میں جگہ بنائی، برانز میڈل میچ میں بلال کا مقابلہ انگلینڈ کے جارج ریم سے ہوا جس میں انھوں نے 16 سے فتح کے ساتھ پاکستان کے لیے ریسلنگ میں پہلا اور مجموعی طور پر تیسرا برانز میڈل حاصل کیا۔ واضح رہے کہ اس سے پہلے ویٹ لفٹر طلحہ طالب اور نوح دستگیر بٹ پاکستان کے لیے کانسی کے تمغے جیت چکے ہیں۔



پاکستان کی جانب سے 57 کلوگرام کیٹگری مقابلے میں انگلش کھلاڑی کو شکست دیکر تیسرا برانز میڈل جیتنے والے ریسلر محمد بلال کوچ سہیل اور سیکرٹری ارشد ستار کے ساتھ

Daily KHABRAIN
روزنامہ خبریں

## ریسلنگ کی 57 کلوگرام میں قومی ریسلر نے انگلش حریف جارج ریم کو 1-6 سے ہرا کر کانسی کا تمغہ اپنے نام کیا

# کامن ویلتھ گیمز بلال بٹ نے پاکستان کو تیسرا میڈل دلوا دیا

## بھارتی پلیئر راہول آویر نے سیمی فائنل میں بلال کو زیر کیا اور فائنل میں گولڈ میڈل جیتا، طلحہ طالب اور نوح دستگیر بھی ملک کیلئے برانز میڈل جیت چکے ہیں

### بیڈمنٹن میں ماحور شہزاد فائنل 16 میں ناکام، سکواش میں پاکستانی ٹیموں کو مکسڈ ڈبلز پری کوارٹر فائنل اور مینز ڈبلز لاسٹ 32 راؤنڈ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا

لاہور (نیوز ایجنسیاں) کامن ویلتھ گیمز میں ریسلر بلال بٹ نے پاکستان کو تیسرا برانز میڈل دلا دیا۔ انہوں نے 57 کلوگرام کیٹگری میں انگلش ریسلر کو 1-6 سے مات دی جبکہ میگا ایونٹ میں پاکستان کا بیڈمنٹن اور سکواش ایونٹس میں بھی سفر تمام ہو گیا۔ گولڈ کوسٹ میں جاری کامن ویلتھ گیمز میں ریسلنگ ایونٹ کا آغاز ہو گیا، پاکستان کے محمد بلال بٹ نے 57 کلوگرام اور محمد اسد بٹ نے 74 کلوگرام کیٹگری کے مقابلوں میں شرکت کی، بلال اور اسد نے اپنے ابتدائی مقابلوں میں فتح کے بعد دوسرے راؤنڈ میں جگہ بنائی جہاں پر اسد بھارت کھلاڑی سوشیل کمار سے یکطرفہ مقابلے میں ہار گئے، محمد بلال نے سری لنکا کے چارلس فرینڈ و کو 2-12 سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنائی جہاں ان کا سامنا بھارت کے راہول آویر سے ہوا۔ بلال نے بھرپور مقابلہ کیا تاہم حریف ریسلر نے مقابلہ 12-8 سے اپنے نام کرتے ہوئے فائنل میں جگہ بنائی، برانز میڈل میچ میں بلال کا مقابلہ انگلینڈ کے جارج ریم سے ہوا جس میں انھوں نے 1-6 سے فتح کے ساتھ پاکستان کے لیے ریسلنگ میں پہلا اور مجموعی طور پر تیسرا برانز میڈل حاصل کیا۔ واضح رہے کہ اس سے پہلے ویٹ لفٹر طلحہ طالب اور نوح دستگیر بٹ پاکستان کے لیے کانسی کے تمغے جیت چکے ہیں۔ بیڈمنٹن ایونٹ میں پاکستانی کھلاڑی ماحور شہزاد کو ویمنز سنگلز پری کوارٹر فائنل میں حریف کینیڈین کھلاڑی ریچل ہونڈرچ کے ہاتھوں 0-2 سیٹس سے شکست کا سامنا کرنا پڑا، اس کے ساتھ ہی پاکستان کا بیڈمنٹن ایونٹ میں تمغہ جیتنے کا خواب ادھورا رہ گیا، دوسری جانب سکواش میں بھی گرین شرٹس کا سفر تمام ہوگیا، پاکستانی ٹیموں کو مکسڈ ڈبلز پری کوارٹر فائنلز اور مینز ڈبلز پری کوارٹر فائنلز میں ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑا، مکسڈ ڈبلز پری کوارٹر فائنلز میں طیب اسلم اور مدینہ ظفر کو آسٹریلوی جوڑی، فرحان زمان اور فائزہ ظفر کو ویلز کی جوڑی نے شکست فاش سے دوچار کیا، مینز ڈبلز پری کوارٹر فائنل میں نیوزی لینڈ کی جوڑی نے فرحان زمان اور طیب اسلم پر مشتمل پاکستانی جوڑی کو ہرا کر ایونٹ سے باہر کر دیا، اسطرح گرین شرٹس کا بیڈمنٹن اور سکواش میں بھی سفر ختم ہوگیا۔



13 April, 2018




# ویلتھ گیمز پاکستانی ریسلر محمد بلال نے بھی کانسی کا تمغہ جیت لیا

پاکستانی ریسلر نے انگلینڈ کے جارج ریم کو چھ ایک سے شکست دے کر برانز میڈل اپنے نام کیا' اسد بٹ دوسرے راؤنڈ میں بھارتی حریف سے ہار گئے' پاکستان نے سکواش کا ڈبلز مقابلہ جیت لیا



**گولڈکوسٹ: پاکستان کے محمد بلال کانسی کا تمغہ پہنے سیکرٹری پی او اے خالد محمود و دیگر کے ساتھ کھڑے ہیں**

گولڈکوسٹ / آسٹریلیا (چودھری اشرف) 21 ویں کامن ویلتھ گیمز کے آٹھویں روز پاکستان کے میڈلز میں ایک برانز میڈل کا اور اضافہ ہوگیا۔ میگا ایونٹ کے ریسلنگ ایونٹ میں پاکستان کے محمد بلال نے 57 کلوگرام کلاس کے برانز میڈل مقابلے میں انگلینڈ کے جارج رام کو شکست دیکر اپنا نام میڈل جیتنے والے کھلاڑیوں کی فہرست میں لکھوالیا۔ محمد بلال نے پری کوارٹر فائنل میں مالٹا کے گرے کو12-2 اور کوارٹر فائنل میں سری لنکا کے چارلس فرنینڈو کو12-2 سے شکست دی سیمی فائنل میں بھارت کے راہول آویر نے محمد بلال کو12-8 سے ہرادیا جبکہ برونز میڈل کیلئے ہونے والے میچ میں محمد بلال نے انگلینڈ کے جورج رام کو6-1 سے شکست دیکر کانسی کا تمغہ اپنے نام کرلیا۔ جمعرات کو ہونے والے 74 کلوگرام کلاس میں پاکستان کے اسد بٹ نے سکاٹ لینڈ کے گلیڈکوو کے خلاف 10-3 سے کامیابی حاصل کی تاہم اگلی دونوں فائیٹ میں اسد بٹ کامیاب نہ ہو پائے اور بھارت کے ششیل کمار اور کینیڈا کے جیون بیلفور سے ہار گئے۔ جمعہ 13 اپریل کو65 کلوگرام کلاس میں پاکستان کے عبدالوہاب کا مقابلہ مالٹا کے پہلوان سے جبکہ 97 کلوگرام کلاس میں عمیر احمد کے مدمقابل انگلینڈ اور کینیڈا کی فائٹ کے فاتح ریسلر سے ہوگا۔ جمعرات کو کھیلے جانے والے دیگر مقابلوں میں سکواش کے مینز ڈبلز میں پاکستان کے فرحان اور طیب نے برٹش ورجن آئی لینڈ کے چیچن جوئی اور سورنٹینو کو2-0 سے شکست دی جبکہ مکس ڈبلز میں آسٹریلیا کے ریان اور گرنھم نے طیب اسلم اور مدینہ ظفر کو سٹریٹ سیٹ میں اور مکس ڈبلز کے ایک اور مقابلے میں ویلز کے ایونس ٹیسی اور پیٹر نے فائزہ ظفر اور فرحان کو2-0 کو مات دی۔ مینز ڈبلز میں نیوزی لینڈ کے کول پاونل اور گریس نے فرحان اور طیب کو2-0 سے مات دیدی۔ بیڈمنٹن ایونٹ میں پاکستان کی ماحور شہزاد ویمنز سنگلز میں کینیڈا کی رچیل ہونڈرچ کے ہاتھوں شکست کھاکر ٹورنامنٹ سے آوٹ ہو گئیں۔

روزنامہ ایکسپریس

## کامن ویلتھ گیمز، آج 2 پاکستانی ریسلرز ایکشن میں نظر آئیں گے

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز مینز ریسلنگ ایونٹ میں پاکستانی ریسلرز عبدالوہاب اور عمیر احمد جمعے کو ایکشن میں دکھائی دیں گے۔ آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز مینز ریسلنگ ایونٹ میں شریک ریسلرز کے درمیان تمغوں کے حصول کیلیے جنگ شروع ہو چکی ہے۔ پاکستان کے محمد بلال نے 57 کلوگرام کیٹیگری میں ملک کیلیے کانسی کا تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل کیا۔ پاکستان کے عبدالوہاب اور عمیر احمد جمعے کو تمغوں کیلیے قسمت آزمائی کریں گے۔ عبدالوہاب کو فری اسٹائل 65 اور عمیر احمد کو فری اسٹائل 97 کلوگرام کیٹیگری کے مقابلے میں حریف ریسلرز کا چیلنج درپیش ہوگا۔

روزنامہ ایکسپریس

## برانز میڈل جیتنے پر ریاض پیرزادہ کی ریسلر بلال بٹ کو مبارکباد

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ ریاض پیرزادہ نے قومی ریسلر بلال بٹ کو کامن ویلتھ گیمز میں کانسی کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ علاوہ ازیں پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن ویمنز ونگ کی چیئرپرسن صبا شمیم جدون، پاکستان پاور لفٹنگ فیڈریشن کے سیکریٹری جنرل راشد ملک، اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے سنیئر نائب صدر نوید ملک، اسپورٹس کمیٹی چیئرمین ناصر چوہدری، اسلام آباد فٹبال ایسوسی ایشن کے سیکریٹری سید شرافت بخاری، پاکستان فٹبال فیڈریشن کے سابق سیکریٹری اطلاعات رانا تنویر احمد اور قومی ریسلنگ ٹیم کے ہیڈ کوچ محمد انور نے بھی کھلاڑیوں کو کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔

روزنامہ دنیا


## گوجرانوالہ کے ”فتح گر“ کھلاڑیوں نے پاکستان کی لاج رکھ لی

گوجرانوالہ (نیوز رپورٹر) اکیسویں کامن ویلتھ گیمز میں پہلوانوں کے شہر گوجرانوالہ کے ”فتح گر“ کھلاڑیوں نے پاکستان کی لاج رکھ لی، یہ حیران کن امر ہے کہ گولڈ کوسٹ میں جاری مقابلوں میں پاکستان کو تینوں کانسی کے تمغے گوجرانوالہ کے کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کی بدولت حاصل ہوئے۔ پاکستان کو ویٹ لفٹنگ کی 62 کلوگرام درجہ بندی میں پہلا میڈل دلانے والے 18 سالہ طلحہ طالب، ویٹ لفٹنگ کی 105 کلوگرام درجہ بندی میں دوسرا میڈل دلانے والے محمد نوح دستگیر بٹ اور ریسلنگ کی 57 کلوگرام کیٹیگری میں تمغہ جیتنے والے محمد بلال بٹ کا تعلق گوجرانوالہ سے ہے۔

روزنامہ اوصاف
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

# ریاض حسین پیرزادہ کی قومی پہلوان محمد بلال بٹ کو مبارکباد

اسلام آباد(سپورٹس رپورٹر)وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ میاں ریاض حسین پیرزادہ نے قومی پہلوان محمد بلال بٹ کو آسٹریلیا میں جاری دولت مشترکہ گیمز میں کانسی کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔محمد بلال بٹ نے 57 کلوگرام کے مقابلوں میں انگلینڈ کے ریسلر کو شکست دے کر کانسی کا تمغہ حاصل، اس سے قبل پاکستان کے ویٹ لفٹر زطلحہ طالب اور محمد نوح دستگیر بٹ نے بھی کانسی کے تمغے حاصل کئے تھے،اس کے علاوہ پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کی ویمن ونگ کی چیئرپرسن صبا ء شمیم جدون، پاکستان پاورلفٹنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد راشد ملک، اسلام چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سنیئر نائب صدر نوید احمد ملک،سپورٹس کمیٹی چیئرمین ناصر محمود چوہدری، اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے سیکرٹری سید شرافت حسین بخاری، پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے سابق سیکرٹری اطلات رانا تنویر احمد اور قومی ریسلنگ ٹیم کے ہیڈ کوچ محمد انور نے بھی کھلاڑیوں کی کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ قومی پہلوان کامن ویلتھ گیمز میں مزید میڈلز حاصل کریں گے۔




گولڈکوسٹ: دولت مشترکہ گیمز میں پاکستانی ریسلر محمد بلال بٹ انگلش حریف کو پچھاڑتے ہوئے جبکہ ان سیٹ میں کانسی کا تمغہ پہنے ہوئے ہیں

روزنامہ وقت لاہور

13 April, 2018

# کامن ویلتھ گیمز: پاکستان کا ریسلنگ میں کانسی کا تمغہ







گولڈکوسٹ: پاکستانی ریسلر محمد بلال انگلینڈ کے جارج رم کو مینز فری سٹائل 57 کلوگرام میں ہرانے کے بعد پرجوش

گولڈکوسٹ (وقت نیوز) آسٹریلیا میں جاری کامن ویلتھ گیمز 2018 کے دوران ریسلنگ کے 57 کلوگرام کیٹیگری مقابلے میں پاکستان کے محمد بلال نے انگلینڈ کے ریسلر کو شکست دے کر کانسی کا تمغہ جیت لیا۔ پاکستان کے محمد بلال نے برطانوی ریسلر جارج رام کو 5۔ 1 سے چت کیا۔محمد بلال کو سیمی فائنل میں بھارتی ریسلر راہول آواری سے 3۔ 1 سے شکست کھا گئے تھے۔ پاکستان کو کانسی کا تمغہ جتوانے والے ریسلر نے ایشین گیمز میں بھی اپنے ملک کے لیے کانسی کا تمغہ جیتا تھا۔خیال رہے کہ یہ کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کے لیے تیسرا تمغہ ہے، اس سے قبل پاکستان کامن ویلتھ گیمز میں مزید 2 میڈل اپنے نام کرچکا ہے۔واضح رہے کہ کامن ویلتھ گیمز 2018 کے دوران پاکستان کے طلحہ طالب نے 62 کلوگرام کے ایونٹ میں کانسی کا تمغہ جیت کر پاکستان کو پہلا میڈل دلایا تھا۔بعدِ ازاں پاکستان کے نوح دستگیر بٹ نے کامن ویلتھ گیمز 2018 میں ویٹ لفٹنگ کے مقابلے میں کُل 395 کلوگرام وزن اٹھا کر پاکستان کو دوسرا کانسی کا تمغہ دلوایا تھا۔کامن ویلتھ گیمز 2018 میں اب تک میں آسٹریلیا 60 طلائی تمغوں کے ساتھ سرفہرست ہے جہاں اس نے 43 چاندی اور 45 کانسی کے تمغے حاصل کیے ہیں۔اس فہرست میں انگلینڈ 26 طلائی، 31 چاندی اور 31 کانسی کے تمغوں کے ساتھ دوسرے جبکہ بھارت 14 طلائی، 6 چاندی اور 9 کانسی کے تمغوں کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔کامن ویلتھ گیمز میں کانسی کے تمغے جیتنے والے پاکستانی ویٹ لفٹرز نوح دستگیر بٹ اور طلحہ طالب کو طلائی تمغہ نہ جیتنے کا دکھ ضرور ہے لیکن وہ مایوس نہیں ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ یہ کانسی کا تمغہ ان کے لیے پہلا قدم ہے لیکن منزل نہیں کیونکہ انہیں ابھی بہت کچھ کرنا ہے۔ پاکستان کے ان دونوں نوجوان ویٹ لفٹرز کا تعلق پہلوانی کبڈی اور ویٹ لفٹنگ کے لیے مشہور گوجرانوالہ شہر سے ہے اور حسن اتفاق سے ان دونوں کو ویٹ لفٹنگ کا شوق ورثے میں ملا ہے۔ بیس سالہ نوح دستگیر بٹ کے والد غلام دستگیر بٹ پانچ مرتبہ کے ساؤتھ ایشین گیمز گولڈ میڈلسٹ اور ریکارڈ ہولڈر ہیں جنہوں نے اٹھارہ مرتبہ قومی چیمپئن بننے کا اعزاز بھی حاصل کیا۔اب ان کی پوری توجہ اپنے بیٹوں پر مرکوز ہے۔نوح کے چھوٹے بھائی بھی قومی جونیئر چیمپئن ہیں۔نوح دستگیر بٹ نے انٹرویو میں کہا میرے والد کی دیرینہ خواہش ہے کہ میں ورلڈ اور اولمپک میں پاکستان کے لیے گولڈ میڈل جیتوں اور وہ مجھ پر بہت محنت کرتے ہیں۔ ہمارا ذاتی جم ہے جس میں میں روزانہ سخت ٹریننگ کرتا ہوں۔ میں عام طور پر کیمپ میں نہیں جاتا کیونکہ مجھے اپنے والد کی نگرانی میں ٹریننگ کی سہولت موجود ہے اور نہ ہی مجھے ٹریننگ ٹورز کی ضرورت ہے ویسے بھی پانچ چھ سال سے ٹریننگ ٹورز نہیں ہوئے ہیں۔نوح دستگیر بٹ نے گذشتہ سال گولڈ کوسٹ میں منعقدہ کامن ویلتھ ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ میں طلائی تمغہ جیتا تھا اور کامن ویلتھ گیمز میں بھی وہ طلائی تمغے کی امید لیے آسٹریلیا پہنچے تھے۔ میں دو سال سے کامن ویلتھ گیمز کی تیاری کر رہا تھا گذشتہ سال میں نے جونیئر میں گولڈ اور سینئر میں سلور میڈل جیتا تھا لہذا میں کافی پرامید تھا کہ اس بار بھی اچھے نتائج دوں گا لیکن گولڈ میڈل نہ جیتنے کا بہت دکھ ہے اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ ان گیمز میں مقابلوں کا معیار بہت سخت ہے دوسری بات مقابلوں کے دوران میرا ہاتھ زخمی ہوگیا تھا اور خون بہنے لگا تھا لیکن اس کے باوجود میں نے مقابلہ جاری رکھا تھا۔نوح دستگیر بٹ کو پورا یقین ہے کہ وہ ورلڈ اور اولمپکس میں گولڈ میڈل جیتنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔کانسی کا یہ تمغہ دراصل میرے لیے پہلا قدم ہے۔اب میں زیادہ محنت کروں گا تاکہ ایشین گیمز ورلڈ چیمپئن شپ اور اولمپکس میں گولڈ میڈل جیت سکوں۔ میں دو سو تیس کلوگرام تک آچکا ہوں اور اولمپکس کے لیول سے صرف تیس کلوگرام پیچھے ہوں اور وہ وقت دور نہیں جب میں اس لیول تک بھی پہنچ سکوں۔اٹھارہ سالہ طلحہ طالب نے کامن ویلتھ گیمز میں نہ صرف کانسی کا تمغہ جیتا ہے بلکہ سنیچ میں تین نئے ریکارڈز بھی قائم کیے ہیں۔ وہ دو ہزار سولہ میں کامن ویلتھ یوتھ ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ میں اپنی عمدہ کارکردگی پر سال کے بہترین ویٹ لفٹر بھی قرار پائے تھے۔' دو ہزار چودہ میں گلاسگو میں کامن ویلتھ گیمز میں نے ٹی وی پر دیکھے تھے اسوقت میرے والد نے مجھ سے کہا تھا کہ اگلے گیمز تمہارے ہیں اور تم تمغہ جیتو گے۔ مجھے خوشی ہے کہ میں نے ان کی بات پوری کر دکھائی۔طلحہ طالب کے والد ایشین پاور لفٹنگ چیمپئن شپ میں تمغہ جیت چکے ہیں تاہم طلحہ طالب نے جو سیکنڈ ائر میں انفامیشن ٹیکنالوجی کے طالبعلم ہیں ویٹ لفٹنگ کو کریئر بناتے ہوئے ایشین اور کامن ویلتھ ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ میں قابل ذکر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور اب ان کی نظریں اولمپک گولڈ میڈل پر ہیں۔

نوائے وقت

# آسٹریلیا 63 گولڈ، 46 سلور، 47 برانز میڈلز جیت کر سرِفہرست

انگلینڈ کی 87 میڈلز کیساتھ دوسری پوزیشن، 28 گولڈ، 32 سلور، 27 برانز میڈلز شامل، بھارت کا چودہ سونے، سات چاندی، دس کانسی کے تمغوں کیساتھ تیسرا نمبر

گولڈ کوسٹ (سپورٹس رپورٹر) آسٹریلیا میں جاری کامن ویلتھ گیمز میں میزبان آسٹریلیا کی میڈلز میں برتری برقرار ہے۔ آسٹریلیا نے 63 گولڈ، 46 سلور اور 47 برانز کے ساتھ مجموعی طور پر 156 میڈلز جیت لئے ہیں۔ انگلینڈ نے مجموعی طور 87 میڈلز جیت کر دوسری پوزیشن حاصل کر رکھی ہے جن میں سونے کے اٹھائیس، چاندی کے بتیس اور کانسی کے ستائیس تمغے شامل ہیں۔ بھارت چودہ سونے، سات چاندی اور دس کانسی کے تمغوں کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ کینیڈا نے سونے کے بارہ، چاندی کے انتیس اور کانسی کے انیس، جنوبی افریقہ نے سونے کے گیارہ، چاندی کے نو، کانسی کے بارہ، نیوزی لینڈ نے سونے کے دس، چاندی کے بارہ، کانسی کے نو، سکاٹ لینڈ نے سونے کے سات، چاندی کے تیرہ، کانسی کے پندرہ، ویلز نے سونے کے سات، چاندی کے آٹھ، کانسی کے دس، سائپرس نے سونے کے چھ، کانسی کے دو، جمیکا نے سونے کے چار، چاندی کے چھ اور کانسی کے پانچ، نائیجیریا نے سونے کے چار، چاندی کے پانچ، کانسی کے دو، ملائیشیا نے سونے کے تین، چاندی کے تین اور کانسی کے سات، سوموا نے سونے کے دو، چاندی کے دو، سنگا پور نے سونے کے دو، چاندی کا ایک، کانسی کا ایک، بوٹسوانا نے سونے کے دو، چاندی کا ایک، ٹرینیڈاڈ اینڈ ٹوباگو نے سونے کے دو، چاندی کا ایک، یوگینڈا نے سونے کے دو، کانسی کا ایک، کینیا نے سونے کا ایک، چاندی کے تین، کانسی کے تین، بہاس نے سونے کا ایک، چاندی کے دو، پاپوانیو گینی نے سونے کا ایک، چاندی کے دو، شمالی آئرلینڈ نے سونے کا ایک، چاندی کے دو، فجی نے سونے کا ایک، کانسی کا ایک، برمودا نے سونے کا ایک، برٹش ورژن آئس لینڈ نے سونے کا ایک، گرینیڈا نے سونے کا ایک، بنگلہ دیش نے چاندی کے دو، سری لنکا نے چاندی کا ایک، کانسی کے تین، پاکستان نے کانسی کے تین، کیمرون نے کانسی کا ایک، ڈومینیکا نے کانسی کا ایک، مالٹا نے کانسی کا ایک تمغہ جیت رکھا ہے۔

روزنامہ پاکستان

چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمان شامی

# کامن ویلتھ گیمز: قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم آج لاہور پہنچے گی

گولڈ کوسٹ (سپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں کانسی کے دو تمغے حاصل کرنے کے بعد قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم آج لاہور پہنچے گی۔ پاکستان ویٹ لفٹنگ فیڈریشن کے ترجمان محمد راشد ملک نے بتایاکہ لاہور ائیرپورٹ پر فیڈریشن کے عہدیدار اور شائقین کھیل کی کثیر تعداد کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کریں گے۔ انہوں نے کہاکہ قومی ویٹ لفٹرز طلحہ طالب نے 62 کلوگرام میں اور محمد نوح دستگیر بٹ نے 105 کلوگرام کے مقابلوں میں کانسی کے تمغے حاصل کئے تھے۔

روزنامہ میٹرو واچ

کامن ویلتھ گیمز

# پاکستان کا بیڈمنٹن اور سکواش ایونٹس میں بھی سفر تمام

باکسنگ میں میڈل جیت لیا

## بیڈمنٹن میں ماحور شہزاد کو پری کوارٹر فائنل میں شکست، سکواش میں پاکستانی ٹیموں کو مکسڈ ڈبلز پری کوارٹر فائنلز اور مینز ڈبلز پری کوارٹر فائنلز میں ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑا

گولڈ کوسٹ (سپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کا بیڈمنٹن اور سکواش ایونٹس میں بھی سفر تمام ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز میں جمعرات کو بیڈمنٹن ایونٹ میں پاکستانی کھلاڑی ماحور شہزاد کو ویمنز سنگلز پری کوارٹر فائنل میں حریف کینیڈین کھلاڑی ریچل ہونڈرچ کے ہاتھوں 2-0 سیٹس سے شکست کا سامنا کرنا پڑا، اس کے ساتھ ہی پاکستان کا بیڈمنٹن ایونٹ میں تمغہ جیتنے کا خواب ادھورا رہ گیا، دوسری جانب سکواش میں بھی گرین شرٹس کا سفر تمام ہو گیا، پاکستانی ٹیموں کو مکسڈ ڈبلز پری کوارٹر فائنلز اور مینز ڈبلز پری کوارٹر فائنلز میں ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑا، مکسڈ ڈبلز پری کوارٹر فائنلز میں طیب اسلم اور مدیحہ ظفر کو آسٹریلوی جوڑی، فرحان زمان اور فائزہ ظفر کو ویلز کی جوڑی نے شکست فاش سے دوچار کیا، مینز ڈبلز پری کوارٹر فائنل میں نیوزی لینڈ کی جوڑی نے فرحان زمان اور طیب اسلم پر مشتمل پاکستانی جوڑی کو ہرا کر ایونٹ سے باہر کر دیا، اس طرح گرین شرٹس کا بیڈمنٹن اور سکواش میں بھی سفر ختم ہو گیا۔ 2018-04-12 21 ویں کامن ویلتھ گیمز کے آج ریسلنگ کے 57 کے جی کیٹگری ایونٹ میں پاکستان کے محمد بلال نے انگلینڈ کے جورج رام کو شکست دے کر برونز میڈل جیت لیا موجودہ کامن ویلتھ گیمز میں یہ پاکستان کا تیسرا برونز میڈل ہے اس سے قبل ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں پاکستان کے ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ اور طلحہ طالب نے برونز میڈل جیتا تھا محمد بلال نے پری کوارٹر فائنل میں مالٹا کے گیرے (Gary) کو 12-2 اور کوارٹر فائنل میں سری لنکا کے چارلس فرنینڈو (Charles Famando) کو 12-2 سے شکست دی سیمی فائنل میں بھارت کے راہول آویر (Rahul Aware) نے محمد بلال کو 12-8 سے ہرا دیا جبکہ برونز میڈل کیلئے ہونے والے میچ میں محمد بلال نے انگلینڈ کے جورج رام کو 1-6 سے شکست دیکر کانسی کا تمغہ اپنے نام کر لیا 74 کے جی میں پاکستان کے اسد بٹ نے اسکاٹ لینڈ کے گلیڈکوو (Gladkov) کو 3-10 سے شکست دی جبکہ بھارت کے کمار سشیل نے اور کینیڈا کے جیون بالفور (Jevon Balfour) نے اسد بٹ کو ہرا دیا جمعہ 13 اپریل کو 65 وزن کیٹگری میں پاکستان کے عبدالوہاب کا مقابلہ مالٹا کے اور 97 ویٹ میں طیب احمد کے مد مقابل انگلینڈ اور کینیڈا کی فائٹ کے فاتح ریسلر سے ہو گا بیڈمنٹن میں کینیڈا کی ریچل ہونڈرچ (Rachel Honderich) نے پاکستان کی ماحور شہزاد کو 2-0 سے ہرایا اسکواش مکسڈ ڈبل میں پاکستان کے فرحان اور طیب نے برٹش ورجن آئی لینڈ (IVB) کے چیمپئن جوئی (Chapman Joe) اور سورنٹینو (Sorrentino) کو 2-0 سے شکست دی مکس ڈبل میں آسٹریلیا کے رایان (Ryan) اور گراہم (Grinham) نے طیب اور مدیحہ ظفر کو 2-0 سے مکس ڈبل میں ویلز کے ایونس ٹیسپی (Evans Tespi) اور پیٹر (Peter) نے فرحانہ ظفر اور فرحان کو 2-0 مکس ڈبل میں نیوزی لینڈ کے کول پاؤل (Coll Poul) اور گریسن (Grayson) نے فرحان اور طیب کو 2-0 سے ہرا دیا گولڈ کوسٹ گیمز میں جیولین (Javelion) کے ایونٹ میں پاکستان کے جانب سے ارشد ندیم حصہ لیں گے ہاکی میں پاکستان ساتویں پوزیشن کیلئے کینیڈا کے مد مقابل ہو گا


روزنامہ ایکسپریس

## کامن ویلتھ گیمز ہاکی، پاکستان آج ساتویں پوزیشن کا میچ کھیلے گا

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں ہاکی ایونٹ کے سیمی فائنلز جمعہ کو کھیلے جائیں گے، آسٹریلیا کا مقابلہ انگلینڈ اور بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہوگا، پاکستانی ٹیم ساتویں پوزیشن کے میچ میں کینیڈا کے مدمقابل ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز اختتامی مراحل کی طرف گامزن ہیں، مینز ہاکی ایونٹ بھی سیمی فائنل مرحلے میں پہنچ چکا ہے، ایونٹ کے دونوں سیمی فائنلز جمعہ کو کھیلے جائیں گے، آسٹریلیا کو انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کو بھارت کا چیلنج درپیش ہوگا، آسٹریلوی ٹیم ایونٹ میں اب تک مسلسل 4 میچز جیت کر ناقابل شکست ہے اور اسے طلائی تمغے کیلیے بھی فیورٹ قرار دیا جارہا ہے۔ ادھر میگا ایونٹ میں پاکستانی ٹیم ساتویں پوزیشن کے میچ کے لیے کینیڈا کے خلاف ایکشن میں دکھائی دے گی۔ یادرہے کہ پاکستانی ٹیم نے اپنے چاروں گروپ میچز ڈرا کھیلے تھے اور وہ گروپ بی میں پوائنٹس ٹیبل پر چوتھے نمبر پر رہی تھی، گرین شرٹس نے ویلز، بھارت، انگلینڈ اور ملائیشیا کے خلاف میچز برابری پر ختم کیے تھے۔

INTERNATIONAL
THE NEWS e-PAPER
Editor-in-chief: Mir Shakil-ur-Rahman

# Wrestler Bilal bags CWG bronze



*GOLD COAST: Pakistan's Muhammad Bilal (green) wrestles with England's George Ramm during the men's freestyle 57kg bronze medal wrestling match at Commonwealth Games. —AFP*

GOLD COAST: After a few barren days, Pakistani young wrestler Mohammad Bilal finally added to the country's medal-tally when he defeated England George Ramm in the 57 kilogramme bronze medal fight on the first day of the three-day freestyle wrestling competitions of the 21st Commonwealth Games here at the jam-packed wrestling venue of the Carrara Stadium on Thursday.

This has raised Pakistan's medals to three bronze and overall position of the country is 31st in the 71-nation extravaganza. Weightlifters Talha Talib and Nooh Dastagir Butt have got the other bronze for the country featuring in ten disciplines. Bilal, younger brother of seasoned wrestler and the 2010 Commonwealth Games gold medalist Mohammad Inam, kept George under tight check from the start. Having fallen his opponent in the first round, which also awarded him four points, helped him to end the first round with 4-0 lead. In the second phase a gruelling fight was seen and it was eventually Bilal who managed a 6-1 win to provide a good start to Pakistan in wrestling in which the country is capable to produce a few more medals.

Earlier, in the pre-quarter-final Bilal defeated Gary Giordmaina of Malta 12-2 to take a fine start.Then in the quarter-finals Bilal defeated Divoshan Charles Fernando of Sri Lanka 12-2 to make it to the semi-finals. However at that stage Bilal tasted a 12-8 defeat against India's Rahul Aware and had to play the bronze medal fight against the English grappler. Rahul then went on to win gold in the same class after beating Steven Takahashi of Canada in the final.

Meanwhile it was not a good day for the other wrestler Mohammad Asad Butt. Asad had a fine start when in his first round, which was in fact a pre-quarter-final, he defeated Oleg Gladkov of Scotland comprehensively 10-3.

However in the quarter-final he was beaten by India's Kumar Sushil 10-0. Sushi then eventually lifted gold in the event after outing South African wrestler Johannes Botha in the final. Asad then was awarded a repackage fight but there he lost against Jevon Balfour of Canada, with the Canadian snatching victory on the basis of technical superiority as no one scored any point.

A couple of grapplers will play on Friday (today) with Abdul Wahab facing Adam Vella of Malta in the 65kg pre-quarter-finals (first round) and Umair Ahmed's opposition in the 97kg quarter-finals (first round) is not yet known.

The premier grappler Mohammad Inam (86kg) and Tayyab Raza (125kg) will play on Saturday (tomorrow) which will also fell curtain on wrestling competitions.

Meanwhile national top woman shuttler from Karachi Mahoor Shehzad's women's singles journey was also ended when she went 0-2 down against Rachel Hondrech of Canada in the pre-quarter-finals with the set scores being 21-17, 21-10. Mahoor, the only shuttler with some spirited display in Gold Coast, had defeated Cristen Marritt of Isles of Man 2-0 in the round of 32 on Wednesday.

This also ended Pakistan's pathetic journey in badminton. Besides Mahoor, former champion Palwasha Bashir, former men's champion Mohammad Irfan Saeed Bhatti and reigning champion Murad Ali were put to test. In table tennis too Pakistan's journey has been ended on Wednesday. In Belmont Shooting Centre in Brisbane,Pakistani shooter Mohammad Khalil Akhtar did well in the qualification stage first round by finishing fourth out of 13 contestants with a score of 286-8x in the men's 25 metre rapid fire pistol. All the 13 competitors will now fight in stage-2 on Friday (today) and six top from it would qualify for the finals.

In squash in Oxenford Studios, in the men's doubles Pool D Pakistani pair of Tayyab Aslam and Farhan Zaman got the better of Chapman Joe and Sorrentino Neville of British Virgin Islands 11-8, 11-4.

Later on in the day the same Pakistani pair lost round of 16 battle to New Zealand's Coll Paul and Grayson Campbell 0-2 and so eliminated which also ended Pakistan's painful journey in squash.

On Wednesday the same Pakistani pair had been beaten by England's James Declan and Willstrop James 2-0.Earlier in the day in the mixed doubles round of 16, the pair of Faiza Zafar and Farhan Zaman was undone by Evans Tesni and Creed Peter of Wales 2-0. And immediately after this loss national pair of Tayyab Aslam and Madina Zafar was overwhelmed 2-0 in the round of 16 by Australia's Grinham Rachael and Cuskelly Ryan.

Pakistani javelin thrower Arshad Nadeem will show his worth in qualifying round on Friday (today). The statistics of the other competitors drawn for the competitions indicate that the Pakistani athlete does not stand with any solid medal chance unless something exceptional is done by the youngster who had once achieved the world's third rank in the IAAF Under-20 world rankings following claiming a bronze in the 2016 South Asian Games in India.